© rasailojaraid.com

کوشش خاصی قابلِ قدر ہے ۔ اب یہ اندازہ تو خاص لوگ ہی کر سکتے ہیں کہ اقبال کی اقبالیت کہاں تک اردو ترجمے میں آسکی ہے ۔ اگر گنجائش ہوتی تو مختلف مقامات سے اشعار کو سامنے رکھ کر راقم گفتگو کرتا ، مگر مجبوری ۔

---

**ماہنامہ طالب علم** مدیر: سیّد قاسم محمود ۔ دفتر: حاجی بلڈنگ ، حسن آفندی روڈ ، کراچی ۔
قیمت فی شمارہ : دس روپے ۔ سالانہ : ۱۰۰/- روپے ۔

بیس عرصے سے سیّد قاسم محمود کی غیر معمولی ذہانت کے کرشمے دیکھ رہا ہوں ۔ اس شخص نے تو "ادھر ڈوبے ادھر نکلے" کا سماں پیدا کر دیا ۔ کئی دلچسپ و مفید تجربوں کے بعد اب رنگین مصور ماہنامہ طالب علم سامنے ہے جسے "مذہب ، سائنس اور ادب کے خادم" کی حیثیت سے پیش کیا گیا ۔ تقریباً تمام جدید متداول علوم کے ماضی و حال کے ابواب کو سامنے لا کر ماہنامہ مفید خدمت کر رہا ہے ۔ حیرت صرف اس پر ہے کہ سیّد قاسم محمود جیسے ذہین (اور "جذبۂ اسلامی سے بھی آراستہ") شخص کے کام میں اتنا زیادہ "ترجمہ پن" کیوں ہے کہ وہ نہ کسی فلسفے پر تنقید کرتا ہے ، نہ کسی سائنسی قیاس پر گرفت کرتا ہے اور نہ تصورات باطلہ کے بالمقابل اسلامی نظریات کو ابھارتا ہے ۔ بصورت موجودہ تو قارئین خصوصاً نوخیز نسلوں کے رگ و پے میں مغربیت اور لادینیت اور مادہ پرستی کے جراثیم اتر جائیں گے ۔ تھوڑے سے ناقدانہ شعور کی ضرورت ہے ۔

---

**عشر اور زکوٰۃ کا اسلامی تصور** از جناب فضل الرحمٰن کلیم ۔ ناشر: مہتمم دفتر گلدستۂ نماز ، گوندلانوالہ ضلع گوجرانوالہ ۔ صفحات : ۱۲۸ قیمت : ۱۰/- روپے ۔

**پکار ۔ اجتماع نمبر** ادارت: تسنیم اقبال فرحت ۔ دفتر رابطہ ۱۸ ، شاد باغ لاہور ۳۹
ایمان و شعور سے آراستہ طالبات کا ترجمان ۔ خاص نمبر ۲۷۲ صفحات قیمت : ۹/- روپے

**اشتراکی روس اور مسلمان** قاضی محمد سعید بی ۔ اے ۔ ناشر: اسلامی مشن سنت نگر ، لاہور ۔ اچھا پمفلٹ ہے ۔ قیمت درج نہیں ۔

**اُمّتِ مسلمہ** ترجمہ تقریر ڈاکٹر یوسف القرضاوی ۔ ناشر: ادارہ خیر و فلاح ، بلاک نمبر ۱۳ ۔ فیڈرل بی ایریا ۔ کراچی ۔ مفت تقسیم ۔

**اپیل کمار سے مجاہد اسلام تک** مرتب ۔ اظہر ندیم ۔ ناشر: عامر اکیڈیمی ذیلدار روڈ ، اچھرہ لاہور ۔ قیمت ۔ ۲/۵۰ پیسے

© rasailojaraid.com